**14.03.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. ارجمند علی خان

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں سواندھی اسکیم کے مستفیدین سے بات چیت کریں گے۔

☆ وزیراعظم آج شام بھوٹان کے اپنے ہم منصب **Dasho Tshering Tobgay** سے دوطرفہ بات چیت بھی کریں گے۔

☆ حکومت نے عریاں اور ناشائستہ مواد کی بنا پر 18 او ٹی ٹی پلیٹ فارم کو بلاک کردیا ہے۔

☆ سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند کی قیادت میں کمیٹی نے ایک ملک، ایک چناؤ سے متعلق رپورٹ صدر جمہوریہ کو پیش کردی ہے۔

☆ وزیرداخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ شہریت سے متعلق ترمیمی قانون سے کسی کی بھی شہریت ختم نہیں ہوگی۔

☆ آج برمنگھم میں انگلینڈ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز میں پی وی سندھو کا مقابلہ جنوبی کوریا کی **An Se-young** سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Delhi**

وزیراعظم نریندر مودی آج دلی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں پی۔ایم سواندھی سے مستفید ہونے والے افراد سے خطاب کریں گے۔ اِس پروگرام کے دوران وزیراعظم مذکورہ اسکیم کے تحت ایک لاکھ ریڑھی پٹری والوں کو قرضے تقسیم کریں گے، جن میں دلی کے پانچ ہزار ریڑھی پٹری والے بھی شامل ہیں۔

جناب مودی دلی میٹرو کے چوتھے مرحلے کے دو اضافی کوریڈور کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔ اِن میں سے ایک لاجپت نگر سے

ساکیت جی بلاک تک اور دوسرا اِندر لوک سے اِندرپرستھ تک ہوگا، جن کی مجموعی لمبائی **20** کلومیٹر سے زیادہ ہوگی۔ اِن سے رابطے کی سہولت بہتر ہونے اور ٹریفک کی بھیڑ بھاڑ کم ہونے کی امید ہے۔
لاجپت نگر سے ساکیت جی بلاک تک کے کوریڈور میں **Andrews Ganj**، گریٹر کیلاش وَن، چراغ دلّی اور پشپ وہار اسٹیشن شامل ہوں گے جبکہ اندرلوک سے اندرپرستھ تک کے کوریڈور میں دیا بستی، سرائے روحِلہ، اجمل خاں پارک، نبی کریم، **LNJP** اسپتال اور دلی گیٹ اسٹیشن ہوں گے۔

## [Bhutan PM India]

بھوٹان کے وزیراعظم **Dasho Tshering Tobagay** کا آج سے بھارت کا پانچ روزہ دورہ شروع ہورہا ہے۔ اس سال جنوری میں عہدہ سنبھالنے کے بعد بیرون ملک کا یہ ان کا پہلا دورہ ہے۔
وزارت خارجہ نے بتایا کہ بھوٹان کے وزیراعظم اپنے دورے کے دوران صدرجمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کریں گے اور وزیراعظم نریندرمودی کے ساتھ باہمی بات چیت کریں گے۔
وزیراعظم **Tshering Tobagay** ممبئی کا بھی دورہ کریں گے۔ بھوٹان کے خارجی امور اور بیرون ملک تجارت کے وزیر، توانائی اور قدرتی وسائل کے وزیر، صنعت، کامرس اور روزگار کے وزیر اور بھوٹان حکومت کے سینئر عہدیداران بھی وزیرِاعظم **Tshering Tobagay** کے ہمراہ ہوں گے۔
وزارت نے بتایا کہ بھارت اور بھوٹان کے سبھی سطحوں پر اعتماد، خیرسگالی اور آپسی مفاہمت پر مبنی دوستی اور تعاون کے بے مثال تعلقات ہیں۔ بھوٹان کے وزیراعظم کا دورہ ہماری منفرد شراکت داری کی پیشرفت کا جائزہ لینے اور بھارت اور بھوٹان کے درمیان دوستی اور تعاون کے رشتوں کو وسعت دینے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کرنے کا ایک جائزہ لینے کیلئے طرفین کو ایک موقع فراہم کرے گا۔

## [PM Ekta Ka Parteek]

وزیراعظم نریندر مودی نے آج ایک نجی ٹیلی ویژن چینل کی جانب سے تیار کی گئی "**Statue of Unity: Ekta Ka Parteek**" کے عنوان سے ایک ڈاکیومنٹری کو شیئر کیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ عظیم الشان مجسمۂ اتحاد پر اس **Episode** کو دیکھنا ایک منفرد تجربہ ہوگا اور اسے دیکھنے کے بعد ہرکوئی جلد سے جلد کیوڑیا جانا چاہے گا۔
اس ڈاکیومنٹری میں دنیا کے سب سے اونچے مجسمے کی تعمیر سے متعلق دلچسپ باتیں بیان کی گئی ہیں اور اس کی ہدایت کاری آنند ایل رائے نے کی ہے۔

**Haryana BJP List**

بھارتی جنتا پارٹی نے ہریانہ کی چھ لوک سبھا سیٹوں کے لیے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری ارون سنگھ کی جانب سے جاری کردہ فہرست کے مطابق دھرم بیر سنگھ، بھیوانی مہندرگڑھ سے پارٹی کے امیدوار ہوں گے جبکہ راؤاندرجیت سنگھ گروگرام سے اور کرشن پال گُرجر فریدآباد سے چناؤ لڑیں گے۔ یہ سبھی متعلقہ حلقوں سے موجودہ ممبران پارلیمنٹ ہیں۔ ہریانہ کے سابق وزیراعلیٰ منوہر لال کھٹر جنہوں نے کل کرنال اسمبلی سیٹ سے استعفیٰ دیا تھا انہیں کرنال سیٹ سے ہی لوک سبھا کا امیدوار قرار دیا گیا ہے۔

کانگریس کے سابق ریاستی صدر اشوک **Tanwar** جو عام آدمی پارٹی سے استعفیٰ دینے کے بعد حال ہی بی جے پی میں شامل ہوئے ہیں انہیں سرسا سے امیدوار بنایا گیا ہے اور آنجہانی رتن لال کٹاریہ کی اہلیہ بنتو کٹاریہ کو انبالہ سیٹ سے پارٹی نے امیدوار قرار دیا ہے۔ آنجہانی رتن لال کٹاریہ انبالہ سے رکن پارلیمنٹ تھے۔

**LJP-BJP**

چراغ پاسوان کی زیر قیادت لوک جن شکتی پارٹی رام بلاس نے آئندہ لوک سبھا انتخابات کیلئے بہار میں **NDA** کے ایک حصے کے طور پر **BJP** کے ساتھ سیٹوں کی تقسیم کے سمجھوتے کو حتمی شکل دے دی ہے۔ **LJP** کے سربراہ چراغ پاسوان نے کل نئی دلّی میں **BJP** صدر جگت پرکاش نڈّا سے بات چیت کی تھی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب پاسوان نے کہا کہ **NDA** کے ایک ممبر کے طور پر اُن کی پارٹی اور **BJP** صدر نے بہار میں لوک سبھا چناؤ کیلئے سیٹوں کے بٹوارے کو قطعی شکل دی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اِس سلسلے میں جلد ایک اعلان کیا جائے گا۔

**I&B OTT Platform**

اطلاعات ونشریات کی وزارت نے عریاں اور ناشائستہ مواد کی پاداش میں **18** او ٹی ٹی پلیٹ فارمس کو بلاک کردیا ہے۔ اس میں **Dreams Films, Hunters, Hot Shots VIP, Prime Play** اور **Uncut Adda** شامل ہیں۔ ان پلیٹ فارمس سے وابستہ **19** ویب سائٹ، **10** ایپس اور **57** سوشل میڈیا اکاؤنٹس تک عوام کی رسائی کو روک دیا گیا ہے۔ اِس سلسلے میں دیگر وزارتوں، میڈیا اور انٹرٹینمنٹ، خواتین اور بچوں کے حقوق سے متعلق ماہرین سے صلاح مشورے کے بعد اطلاعاتی ٹکنالوجی سے متعلق قانون **2000** کے ضابطوں کے مطابق یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔

وزارت نے کہا ہے کہ اطلاعات ونشریات کے وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر بار بار اِس بات پر زور دیتے رہے ہیں کہ اختراعی اظہار کے تحت عریانیت، ناشائستہ مواد اور زبان نہ دکھانا ان پلیٹ فارمس کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان پلیٹ فارمس پر دکھائے جانے والے مواد کا ایک بڑا حصہ عریاں اور ناشائستہ پایا گیا اور اس میں خواتین کو توہین آمیز انداز میں دکھایا گیا ہے۔

## One Nation on Election

ایک ملک ایک چناؤ کے بارے میں اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی نے نئی دلّی میں صدرجمہوریہ دروپدی مرمو کو اپنی رپورٹ پیش کردی ہے۔ سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند کی سربراہی میں یہ کمیٹی قائم کی گئی تھی اور اُس نے صدر جمہوریہ کو اپنی رپورٹ پیش کردی ہے۔ اِس موقع پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، قانون اور انصاف کے محکمہ کے وزیر ارجن رام میگھوال، پندرہویں مالی کمیشن کے سابق سربراہ این کے سنگھ اور دیگر شخصیات موجود تھیں۔ یہ رپورٹ اٹھارہ ہزار **626** صفحات پر مشتمل ہے۔ **191** دِن تک تحقیق، مختلف افراد اور ماہرین سے صلاح و مشورے کے بعد یہ رپورٹ مرتب کی گئی ہے۔

## Amit Shah CAA

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے یہ بات دوہرائی ہے کہ شہریت سے متعلق ترمیمی قانون شہریت کے حقوق فراہم کرنے کا ایک قانون ہے اور اس سے کسی کی شہریت ختم نہیں ہوگی۔ ایک نیوز ایجنسی کو دیئے گئے انٹرویو میں جناب شاہ نے کہا کہ **CAA** افغانستان، بنگلہ دیش اور پاکستان کے ہندو، بودھ، جین، سکھ، عیسائی اور پارسی پناہ گزینوں کو حقوق اور شہریت فراہم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہریت سے متعلق ترمیمی قانون کے ضابطوں کے تحت سبھی کو برابری کے حقوق ملیں گے کیونکہ وہ بھارت کے شہری بن جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس ملک کے شہریوں کی طرح شہریوں کی فہرست میں شامل ہوجائیں گے اور وہ انتخابات لڑسکیں گے اور ممبرپارلیمنٹ، رکن اسمبلی، وزیراعلیٰ اور وزیر بن سکیں گے۔

انہوں نے اس بات کو واضح کیا کہ شہریوں سے متعلق قومی رجسٹر کا **CAA** سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ وزیرموصوف نے کہا کہ اقلیتوں کو ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ **CAA** میں کسی کی شہریت ختم کرنے کا کوئی ضابطہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی کے لیے راستہ بند نہیں کیا گیا ہے اور مسلمانوں کو بھی شہریت کے لیے درخواست دینے کا حق حاصل ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ **15** اگست **1947** اور **31** دسمبر **2014** کے درمیان وہ سبھی افراد جو بھارت میں داخل ہوئے ہیں ان کا بھارت میں خیرمقدم ہے۔

## Defence Agniveer

اگنی ویر کے تیسرے گروپ کی کل اڈیشہ میں **INS Chilka** پر پاسنگ آؤٹ پریڈ ہوگی۔ وزارت دفاع نے بتایا ہے کہ تقریباً دو ہزار **600** اگنی ویروں کی کامیاب تربیت کے موقع پر یہ پاسنگ آؤٹ پریڈ ہوگی۔

اِن میں خواتین اگنی ویر بھی شامل ہیں، جنھوں نے سخت جانفشانی اور محنت سے یہ تربیت حاصل کی ہے۔ بحریہ کے سربراہ ایڈمرل آر ہری کمار اِس موقع پر مہمان خصوصی ہوں گے اور اِس پاسنگ آؤٹ پریڈ کا معائنہ کریں گے۔

## Delhi Fire

دلّی کے شاہدرہ علاقے میں آج ایک گھر میں بھیانک آگ لگ جانے سے چار افراد کی موت ہوگئی اور کئی دوسرے زخمی ہوگئے۔ آگ بجھانے والے عملے کے مطابق یہ آگ آج صبح لگی تھی اور مکان کے پارکنگ کے حصے میں پھیل گئی۔ آگ لگنے کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی ہے۔ 18 افراد کو بچاکر نکالا گیا اور انہیں ہسپتال پہنچادیا گیا۔ پولیس نے اِس سلسلے میں معاملہ درج کرلیا ہے۔

## US-India Defence

امریکہ کے محکمہ دفاع نے کہا ہے کہ امریکہ اور بھارت کے دفاعی تعاون میں جامع اور ٹھوس تبدیلی آئی ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی رشتے ناقابل یقین رفتار سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ امریکہ کے محکمۂ دفاع میں جنوبی ایشیائی امور کے ڈائرکٹر سدھارتھ ایئر نے بھارت اور امریکہ کی مستقبل کے دفاعی شراکت داری کے بارے میں گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

اِس کانفرنس میں ٹیکنالوجی کے اشتراک اور بحری حکمت عملی پر توجہ مرکوز کی گئی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ امریکہ کے صدر جوبائیڈن اور وزیراعظم نریندرمودی کے درمیان اکثر و بیشتر رابطہ قائم ہوتا رہا ہے۔ امریکہ کے محکمہ دفاع نے جنوبی ایشیاء کے معاملات کے ڈائرکٹر سدھارتھ ایئر نے یہ بھی کہا کہ آزادانہ اور کھلے بحرالکاہل اور اکیسویں صدی کے لیے کلیدی نوعیت کی شراکت داری ایک اہم ستون ثابت ہوسکتی ہے۔

## NHAI Fastag

قومی شاہراہوں سے متعلق بھارتی اتھارٹی NHAI نے Paytm فاسٹیگ استعمال کرنے والے افراد کے لیے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے کہ وہ 15 مارچ سے پہلے دوسرے بینک کے فاسٹیگ کی طرف منتقل ہو جائیں۔ سڑک، ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے کہا ہے کہ اس سے قومی شاہراہوں پر سفر کرنے والے افراد کو جرمانے یا دوہری فیس ادا کرنے سے بچنے میں مدد ملے گی۔

Paytm پیمنٹس بینک پر پابندی سے متعلق ریزرو بینک آف انڈیا کے جاری کردہ رہنما خطوط کے مطابق Paytm فاسٹیگ استعمال کرنے والے افراد اِس مہینے کی 15 تاریخ کے بعد اپنا کارڈ ریچارج نہیں کرسکیں گے، اسی طرح وہ اپنا بیلینس ٹاپ اپ نہیں کرسکیں گے۔

البتہ وہ ایک مقررہ تاریخ کے بعد بھی اپنے موجودہ بیلنس سے ٹول ٹیکس ادا کرسکیں گے۔ NHAI نے تمام Paytm فاسٹیگ استعمال کرنے والوں پر زور دیا ہے کہ وہ ملک بھر میں قومی شاہراہوں پر بلارکاوٹ سفر کے تجربے کو یقینی بنانے کیلئے سرگرمی کے ساتھ اقدامات کریں۔

**Health Neet MDS**

مرکزی وزارت صحت نے میڈیا کی ان اطلاعات کو غلط قرار دیا ہے، جن میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ شمال مشرقی ریاستوں میں ماسٹر آف **Dental** سرجری **NEET MDS** کے کوئی امتحان مراکز نہیں ہیں۔ وزارت نے کہا ہے کہ شمال مشرقی ریاستوں میں اِس امتحان کے مراکز شیلانگ، **Naharlagun** ، کوہیما، آئزول، گوہاٹی اور کولکاتہ میں بنائے گئے ہیں۔

**England Open Badminton**

آل انگلینڈ اوپن بیڈمنٹن چمپئن شپ میں‌خواتین سنگلز کے زمرے میں آج پی وی سندھو کا مقابلہ جنوبی کوریا کی **An Se-Young** سے ہوگا۔ اشونی پونپا اور **Tanisha Crasto** کی خواتین ڈبلز کی جوڑی بھی پری کوارٹر فائنل میں چین کی جوڑی **Zheng Yu** اور **Zhang Shuxian** سے مقابلہ کرے گی۔

یہ جوڑی کل برمنگھم میں ہانگ کانگ کے **Yeung Nga Ting** اور **Yeung Pui Lam** کو اکیس تیرہ، اکیس اٹھارہ سے سیدھے سیٹوں میں ہراکر پری کوارٹر فائنل میں پہنچی تھی۔ مردوں کے سنگلز زمرے میں لکشیہ سین بھی پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے ڈنمارک کے **Magnus Johannesen** کو **21-14** اور **21-14** سے شکست دی۔

☆☆☆